# باب 1 پاکستان کی نظریاتی اساس

**سوال نمبر 1 : لفظی معنی کے لحاظ سے نظریے سے کیا مراد ہے؟**

جواب: لفظی معنی کے لحاظ سے نظریہ سے مراد سوچ یا مقصد ہے۔

**سوال نمبر 2 : نظریہ سے کیا مراد ہے؟**

جواب: کسی بھی مقصد کے حصول کے لیے بنایا گیا فکری خاکہ نظریہ کہلاتا ہے۔

**سوال نمبر 3 : ہندو تحریکوں کے نام لکھیں۔**

جواب: (1) آریا سماج (2) برہمو سماج۔

**سوال نمبر 4 : آج کی نوجوان نسل کو نظریہ پاکستان سے آگاہی رکھنے کی ضرورت کیوں ہے؟**

جواب: نوجوان نسل کو جذباتی رشتے اور محبت قائم رکھنے، تحریک پاکستان سے آگاہی حاصل کرنے اور لسانی وعلاقائی نفرتوں کے خاتمے کے لیے نظریہ پاکستان سے آگاہی ضروری ہے۔

**سوال نمبر 5 : نظریہ پاکستان کے عناصر کون کون سے ہیں؟**

جواب: نظریہ پاکستان کے پانچ عناصر ہیں: (1) عقائد (2) عبادات (3) قانون کی حکمرانی (4) اخوت و مساوات (5) عدل و انصاف۔

**سوال نمبر 6 : اردو اور ہندی کون سے رسم الخط میں لکھی جاتی ہیں؟**

جواب: اردو عربی رسم الخط میں اور ہندی دیوناگری رسم الخط میں لکھی جاتی ہے۔

**سوال نمبر 7 : ارکانِ اسلام کون کون سے ہیں؟**

جواب: (1) توحید و رسالت (2) نماز (3) زکوٰۃ (4) روزہ (5) حج۔

**سوال نمبر 8 : توحید سے کیا مراد ہے؟**

جواب: توحید سے مراد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کائنات کا خالق و مالک ہے، اس کا کوئی شریک نہیں اور کوئی چیز اس کے علم سے باہر نہیں۔

**سوال نمبر 9 : نماز کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟**

جواب: نماز اسلام کا دوسرا رکن ہے جو مقررہ اوقات میں ادا کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔ نماز کو دین کا ستون قرار دیا گیا ہے۔

**سوال نمبر 10 : "ان الصلوٰۃ کانت علی المومنین کتابا موقوتا" کا ترجمہ کریں۔**

جواب: ترجمہ: "بے شک مومنوں پر نماز مقررہ اوقات میں فرض ہے۔"

**سوال نمبر 11 : نماز کے بارے میں ایک قرآنی آیت کا ترجمہ لکھیں۔**

جواب: ترجمہ: "بے شک مومنوں پر نماز مقررہ اوقات میں فرض ہے۔"

**سوال نمبر 12 : اخوت کے متعلق ایک حدیث کا ترجمہ لکھیں۔**

جواب: حضور ﷺ نے فرمایا: "ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے، وہ اس کے ساتھ خیانت نہ کرے اور نہ جھوٹ بولے۔"

**سوال نمبر 13 : روزہ کیسی عبادت ہے؟**

جواب: روزہ ایک بدنی عبادت ہے جو اللہ تعالیٰ کے قرب کا ذریعہ ہے۔

**سوال نمبر 14 : حج کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟**

جواب: حج اسلام کا پانچواں رکن ہے، جو ہر صاحب استطاعت مسلمان پر فرض ہے۔ حج مسلمانوں کے اتحاد اور بھائی چارے کی بہترین مثال ہے۔

**سوال نمبر 15 : "ان اللہ علیٰ کل شیءٍ قدیر" کا ترجمہ کریں۔**

جواب: ترجمہ: "بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے۔"

**سوال نمبر 16 : "انی جاعل فی الارض خلیفہ" کا ترجمہ کریں۔**

جواب: ترجمہ: "میں زمین میں اپنا نائب بنانے والا ہوں۔"

**سوال نمبر 17 : اسلامی اقدار سے کیا مراد ہے؟**

جواب: عقائد و عبادات، عدل و انصاف، مساوات، رواداری، اخوت و بھائی چارہ اور شہریوں کے حقوق و فرائض اسلامی اقدار ہیں۔

**سوال نمبر 18 : اسلامی اقدار کے نام لکھیں۔**

جواب: (1) انصاف (2) مساوات (3) آزادی (4) رواداری (5) بھائی چارہ۔

**سوال نمبر 19 : عدل و انصاف کے متعلق حضور ﷺ نے کیا فرمایا؟**

جواب: حضور ﷺ نے فرمایا: "جو قوم عدل و انصاف کو چھوڑ دیتی ہے، تباہی اور بربادی اس کا مقدر بن جاتی ہے۔"

**سوال نمبر 20 : چودھری رحمت علی کی دو خدمات لکھیں۔**

جواب: (1) 1933ء میں لندن میں پاکستان نیشنل موومنٹ کی بنیاد رکھی۔ (2) 1933ء میں اپنے کتابچے "اب یا پھر کبھی نہیں" میں پاکستان کا نام تجویز کیا۔

گورنمنٹ کرسچن ہائی سکول ڈسکہ

**سوال نمبر21 :انگریزوں نے برصغیر پر قبضہ کرنے کے بعد کس طرح کا نظامِ تعلیم متعارف کروایا؟**

جواب: انگریزوں نے ایسا نظام تعلیم متعارف کروایا جس میں انگریزی زبان کو مرکزی حیثیت حاصل تھی۔

**سوال نمبر22 :ایسٹ انڈیا کمپنی ہندوستان میں کس طرح کی معاشی پالیسیاں بناتی تھی؟**

جواب: ایسٹ انڈیا کمپنی ایسی معاشی پالیسیاں بناتی تھی جن سے زیادہ فائدہ خود انگریزوں کو ہوتا تھا۔

**سوال نمبر23 :مساوات سے کیا مراد ہے؟**

جواب: معاشرے میں ذات پات، رنگ و نسل اور زبان و ثقافت کے فرق کے بغیر سب کو برابر درجہ دینا مساوات کہلاتا ہے۔

**سوال نمبر24 :اخوت ہمیں کس بات کا درس دیتی ہے؟**

جواب: اخوت ہمیں یہ درس دیتی ہے کہ ہم آپس میں بھائی چارے کے تعلقات قائم رکھیں۔

**سوال نمبر25 : قائداعظم نے قومیت کے بارے میں کیا فرمایا؟**

جواب: قائداعظم نے فرمایا کہ مسلمان ہر تعریف کے مطابق ایک الگ قوم ہیں اور انہیں اپنی الگ مملکت قائم کرنے کا حق ہے۔

**سوال نمبر26 : سرسید احمد خان کب اور کہاں پیدا ہوئے اور کب وفات پائی؟**

جواب: سرسید احمد خان 1817ء میں دہلی میں پیدا ہوئے اور 1898ء میں وفات پائی۔

**سوال نمبر27 :سب سے پہلے "دو قومی نظریہ" کی اصطلاح کس نے اور کب استعمال کی؟**

جواب: سرسید احمد خان نے 1867ء میں بنارس میں اردو ہندی تنازع کے موقع پر یہ اصطلاح استعمال کی۔

**سوال نمبر28 : سرسید احمد خان نے دو قومی نظریہ کے بارے میں کیا فرمایا؟**

جواب: 1867ء میں بنارس میں اردو ہندی تنازع کے موقع پر آپ نے کہا کہ مسلمان اور ہندو الگ الگ قومیں ہیں۔

**سوال نمبر29 :امریکہ میں مساوی حقوق کی جدوجہد کس نے شروع کی؟**

جواب: یہ جدوجہد سیاہ فام لوگوں نے شروع کی تاکہ انہیں مساوی حقوق مل سکیں۔

**سوال نمبر30 :پنڈت دیانند سرسوتی کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟**

جواب: وہ ہندو تحریک آریہ سماج کا بانی تھا۔ اس نے "شدھی پروگرام" شروع کیا جس کا مقصد غیر ہندوؤں کو ہندو بنانا تھا۔

**سوال نمبر31 :راجہ رام موہن رائے کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟**

جواب: وہ برہمو سماج کا بانی تھا اور مسلمانوں کے خلاف تقریریں کرتا تھا۔

**سوال نمبر32 :شدھی پروگرام کس نے اور کس مقصد کے لیے شروع کیا؟**

جواب: یہ پروگرام دیانند سرسوتی نے شروع کیا، اس کا مقصد غیر ہندوؤں کو زبردستی ہندو بنانا تھا۔

**سوال نمبر33 :سلطنت دہلی کی بنیاد کب اور کس نے رکھی؟**

جواب: 1206ء میں قطب الدین ایبک نے سلطنت دہلی کی بنیاد رکھی۔

**سوال نمبر34 : محمد بن قاسم کے حسنِ سلوک نے مقامی لوگوں کو کس قدر متاثر کیا؟**

جواب: لوگ اس قدر متاثر ہوئے کہ اسے اوتار اور دیوتا سمجھنے لگے۔

**سوال نمبر35 : محمد بن قاسم کے ساتھ آنے والے عرب افراد کہاں آباد ہوئے؟**

جواب: یہ افراد سندھ اور ملتان میں آباد ہو گئے اور تبلیغ اسلام میں مصروف ہو گئے۔

**سوال نمبر36 : نظریہ کی اہمیت کیا ہے؟**

جواب: نظریہ قوم کو متحد کرتا ہے، مقاصد کے حصول میں مدد دیتا ہے اور اقوام کی بقا کی ضمانت ہے۔

**سوال نمبر37 :مساوات کے متعلق قرآن مجید میں کیا ارشاد ہوا ہے؟**

جواب: اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "اے لوگو! ہم نے تمہیں ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا اور تمہیں قوموں اور قبیلوں میں بانٹا تا کہ ایک دوسرے کو پہچانو۔ بے شک اللہ کے نزدیک زیادہ عزت والا وہ ہے جو زیادہ پرہیزگار ہے۔"

**سوال نمبر38 :زکوٰۃ کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟**

جواب: زکوٰۃ اسلام کا تیسرا رکن ہے۔ یہ ایک مالی عبادت ہے جس سے دولت گردش میں رہتی ہے اور غریب طبقے تک پہنچتی ہے۔

**سوال نمبر39 : کن مسلم رہنماؤں نے مسلمانوں کے لیے علیحدہ وطن کا مطالبہ کیا؟**

جواب: 1867ء میں سرسید احمد خان، 1879ء میں جمال الدین افغانی، 1890ء میں عبدالحلیم شرر، 1928ء میں مرتضیٰ احمد میکش اور 1930ء میں علامہ اقبال نے یہ مطالبہ کیا۔

**سوال نمبر40 :ایسٹ انڈیا کمپنی کے مسلمانوں پر منفی اثرات کیا تھے؟**

جواب: (1) مسلمانوں سے زمینیں چھین کر دوسروں کو دے دی گئیں۔ (2) ہندوؤں کو اعلیٰ عہدوں پر ترقی دی گئی۔ (3) مسلمانوں کو سرکاری ملازمتوں سے نکال دیا گیا۔

گورنمنٹ کرسچن ہائی سکول ڈسکہ

**سوال نمبر 41 : برصغیر کی دو معروف ہندو تحریکوں کے نام اور مقاصد لکھیں۔**

جواب: (1) آریہ سماج، بانی: دیانند سرسوتی، مقصد: ہندوازم کی اشاعت اور مسلمانوں کو کمزور کرنا۔

(2) برہمو سماج، بانی: راجہ رام موہن رائے، مقصد: مسلمانوں کی مخالفت اور ہندوازم کی ترویج۔

گورنمنٹ کرسچن ہائی سکول ڈسکہ